11796-نماز میں آستینیں اکٹھی کرنے کا حکم

سوال

کیا نماز میں آستینیں اکٹھی کر کے اوپر چڑھانا نماز میں کپڑا سمیٹنے کی نہی میں شامل ہوتا ہے، اوراگر یہ اس نہی میں شامل ہے تو کیا اس کا حکم مختلف ہوگا کہ اگر میں نے نماز سے پہلے ہی آستین چڑھا رکھی تھی اور اسی طرح نماز شروع کردی، یعنی میں نے اسے دوران نماز نہیں چڑھایا، یا کہ دونوں برابر ہیں ؟

پسندیدہ جواب

آستین کو سجدہ کے
وقت زمین پر لگنے سے بچانے کے لیے دوران نماز یا نماز سے قبل اکٹھا کرنا یا سمیٹنا
جائز نہیں ہے، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"مجھے سات ہڈیوں پر سجدہ کرنے کا
حکم دیا گیا ہے، اور یہ حکم دیا گیا ہے کہ نہ تو میں بال سمیٹوں اور نہ ہی کپڑا"

صحیح بخاری و صحیح مسلم.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے،
اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر
اپنی رحمتیں نازل فرمائے.